فوری ریلیز کے لیے: 22/12/2022

KATHY HOCHUL گورنر

گورنر HOCHUL کی جانب سے پری پیڈ گفٹ کارڈ کے ممکنہ گھپلوں سے صارفین کے تحفظ کے لیے قانون سازی پر دستخط

مسودۂ قانون (A.266A/S.145B) کاروباری اداروں سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ گفٹ کارڈ گھپلوں کے بارے میں صارفین کو متنبہ کرتے ہوئے نوٹس آویزاں کریں

گورنر Kathy Hochul نے آج مسودۂ قانون (A.266A/S.145B) پر دستخط کیے ہیں جو کاروباری اداروں سے گفٹ کارڈز فروخت کرتے وقت ممکنہ گھپلوں کی اطلاع دینے کا تقاضہ کر کے صارفین کو دھوکے بازوں سے تحفظ فراہم کرے گا۔ یہ مسودہ نیو یارک کے شہریوں کو چوری کی ایک ایسی شکل سے بچانے کے لیے گورنر Hochul کے عزم کی نشاندہی کرتا ہے جو تیزی سے عام ہو چکی ہے۔

گورنر Hochul نے کہا، "تعطیلات کے موسم اور پورے سال کے دوران، صارفین ان گھپلوں سے محفوظ رہنے کے مستحق ہیں جو ان کی محنت سے کمائی گئی رقم کو نشانہ بناتے ہیں۔ اس مسودۂ قانون پر دستخط کرکے، ہم اس بات کو یقینی بنانے کے لیے ضروری اقدامات کر رہے ہیں کہ نیویارک کے مکین چوکس رہیں اور گفٹ کارڈز کی شکل میں اپنی رقم کی چوری کی پُرفریب کوششوں سے محفوظ رہیں"۔

مسودۂ قانون A.266A/S.145B عام کاروباری قانون میں ترمیم کا تقاضا کرتا ہے کہ گفٹ کارڈز فروخت کرنے والے خوردہ فروش بھی ایک نوٹس آویزاں کرتے ہوئے صارفین کو گفٹ کارڈ کے گھپلوں سے خبردار کرتے ہوئے اور اس بارے میں معلومات فراہم کریں کہ اگر انہیں لگتا ہے کہ وہ اس طرح کی دھوکہ دہی کا شکار ہوں تو انہیں کیا کرنا ہے۔

ریاستی سینیٹر Kevin Thomas نے کہا، "گفٹ کارڈز کو صارفین کی چوری کرنے کے حربے کے طور پر استعمال کرنے والے دھوکہ بازوں کی تعداد میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ میں گورنر Hochul کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے میرے مسودۂ قانون پر دستخط کیے جو کاروباری اداروں سے تقاضہ کرتا ہے کہ وہ صارفین کو گفٹ کارڈ کے ممکنہ گھپلوں سے آگاہ کرنے کے لیے دکانوں میں نوٹس آویزاں کریں۔ یہ اقدامات کرنے سے صارفین کو ان گھپلوں کے پھیلاؤ سے آگاہ کیا جائے گا، نیو یارک کے مکینوں کو زیادہ تحفظ ملے گا اور ممکنہ متاثرین کو مالی فراڈ سے بچایا جائے گا"۔

رکنِ اسمبلی Amy Paulin نے کہا، "گفٹ کارڈز دو نمبری کرنے والوں کے لیے لوگوں کی چوری کرنے کا ایک آسان طریقہ ہے کیونکہ ان کا سراغ نہیں لگایا جا سکتا۔ لوگوں کو مسائل کے وجود سے آگاہ کرتے ہوئے تعلیم دینا کلیدی اہمیت کا حامل ہے۔ بہت سے لوگوں کو شاید معلوم نہ ہو کہ وہ دھوکہ بازوں کے کہنے پر گفٹ کارڈز خرید رہے ہیں۔ میں گورنر Hochul کو خراجِ تحسین پیش کرتی ہوں کہ انہوں نے نیو یارک کے مکینوں کو گفٹ کارڈ گھپلوں سے بچانے میں مدد کے لیے یہ قدم اٹھایا ہے"۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418